وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی، وفاقی محتسب نے انکوائری رپورٹ طلب کر لی

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی معاملے کی چھان بین کر کے فوری رپورٹ پیش کرے۔وفاقی محتسب

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈی آر اے پی) کو حکم دیا ہے کہ انکوائری کر کے بتائے کہ این آئی ایچ کتے کے کاٹنے کی ویکسین کیوں نہیں بنا پا رہا،انہوں نے وفاقی دارالحکومت کے تمام ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی دستیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے ویکسین کی عدم دستیابی کی انکوائری رپورٹ فوری طور پر طلب کر لی ہے واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کے علاج کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے گزشتہ ہفتے قومی وزارت صحت نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ)اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈی آر اے پی) کے سربراہان کو خصوصی انکوائری کا حکم دیا تھا جس کے بعد وفاقی محتسب کے رجسٹرار نے مذکورہ بالا تمام اداروں کو طلب کر کے معاملے کی چھان بین کی اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈی آر اے پی) کو حکم دیا کہ وہ فوری طور پر انسپکشن مکمل کر کے رپورٹ پیش کرے۔اس معاملے کی چھان بین کے لئے وفاقی محتسب میں تین سماعتیں ہو چکی ہیں،سماعت کے دوران پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (PIMS) کے نمائندگان نے بتایا کے سال 2023ء میں کتے کے کاٹنے کے 3500 مریضوں کا علاج کیا گیا تھا اور پمز میں اس وقت محدود تعداد میں ویکسینز موجود ہیں۔وفاقی محتسب نے ڈی آر اے پی کو حکم دیا ہے کہ وہ معاملے کی انکوائری کر کے رپورٹ دے کہ این ایچ آئی سرکاری ہسپتالوں کو یہ ویکسین کیوں نہیں دے پا رہا۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333533326

14 جنوری 2024ء